## وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کی ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین سے ٹیلی فون پر گفتگو

## دونوں رہنماؤں میں خطے کی موجودہ صورتحال، دہشت گردوں کے خلاف جاری کارروائی، متاثرہ خاندانوں کی بحالی، سیاسی حالات اور ملک کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال

## وزیراعظم یوسف رضا گیلانی نے جناب الطاف حسین کو مصر میں ہونے والی کانفرنس میں بھارت کے وزیراعظم من موہن سنگھ سے اپنی مجوزہ ملاقات کے بارے میں اعتماد میں لیا

## پڑوسی ممالک سے بہتر تعلقات ہونے چاہئیں، یہ دور جنگ وجدل کا نہیں بہتر تعلقات، تجارت اور کاروبار کا ہے۔الطاف حسین

## اللہ بھارت کے رہنماؤں کو بھی عقل سلیم عطا کرے کہ وہ بھی نفرت اور جنگ وجدل کا راستہ اختیار کرنے کے بجائے حالات کی نزاکت کو سمجھتے ہوئے پاکستان سے دوستانہ مراسم پیدا کرنے کیلئے خلوص دل سے مذاکرات کرے۔الطاف حسین

لندن۔۔۔12 جولائی 2009

وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی نے آج متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین سے ٹیلی فون پر گفتگو کی۔دونوں رہنماؤں میں خطے کی موجودہ صورتحال، دہشت گردوں کے خلاف جاری کارروائی، متاثرہ خاندانوں کی بحالی، سیاسی حالات اور ملک کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔وزیراعظم یوسف رضا گیلانی نے جناب الطاف حسین کو مصر میں ہونے والی کانفرنس میں بھارت کے وزیراعظم من موہن سنگھ سے اپنی مجوزہ ملاقات کے بارے میں اعتماد میں لیا۔جناب الطاف حسین نے وزیراعظم گیلانی سے کہا کہ ایم کیوایم کا شروع دن سے یہی مؤقف ہے کہ پڑوسی ممالک سے بہتر تعلقات ہونے چاہئیں، یہ دور جنگ وجدل کا نہیں بلکہ بہتر تعلقات، تجارت اور کاروبار کا ہے، ہمیں یورپ سے سبق سیکھنا چاہیے اور بھارت سے بھی دوستانہ تعلقات قائم کرنا چاہئیں کیونکہ دونوں ممالک جنگ وجدل کے متحمل نہیں ہوسکتے۔انہوں نے کہا کہ حکومتی سطح کے ساتھ ساتھ دونوں ممالک کے عوام کے درمیان انفرادی سطح پر بھی رابطے ہونا چاہئیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ اللہ بھارت کے رہنماؤں کو بھی عقل سلیم عطا کرے کہ وہ بھی نفرت اور جنگ وجدل کا راستہ اختیار کرنے کے بجائے حالات کی نزاکت کو سمجھتے ہوئے صدقِ دل کے ساتھ پاکستان سے دوستانہ مراسم پیدا کرنے کیلئے خلوص دل سے مذاکرات کرے۔وزیراعظم نے جناب الطاف حسین کے خیالات سے اتفاق کیا اور کہا کہ ہم خطے میں تمام پڑوسی ممالک سے بہتر تعلقات قائم کرنا چاہتے ہیں۔وزیراعظم نے طالبانائزیشن اور دہشت گردی کے خلاف جاری کارروائی میں ایم کیوایم کے غیر مشروط تعاون کو سراہا اور اس پر جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا۔

## الطاف حسین کی سید کلیم اللہ سے ان کے چھوٹے بھائی غیث اللہ کے انتقال پر ٹیلی فون پر تعزیت

لندن۔۔12 جولائی 2009ء

ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے آفس سیکریٹری سید کلیم اللہ کے چھوٹے بھائی غیث اللہ کے انتقال پر ٹیلی فون کرکے ان سے تعزیت کی۔جناب الطاف حسین اس موقع پر دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور ان کے تمام صغیرہ وکبیرہ گناہوں کو معاف فرمائے۔انہوں نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کا ایک ایک کارکن دکھ کی اس گھڑی میں آپ کے غم میں برابر کا شریک ہے اس موقع پر انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کے سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔انہوں نے تمام کارکنان سے درخواست کی ہے کہ وہ مرحوم کی نماز جنازہ جو کہ 12 جولائی بروز اتوار کو بعد نماز ظہران کی رہائش گاہ B-23 روفی گرین لینڈ ابوالحسن اصفہانی روڈ پر واقع قریبی مسجد میں ادا کی جائے گی میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شریک ہوں۔

## ایم کیوایم ملک کو بحرانوں سے نکالنے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہے، فرخ اعظم

## سائٹ ٹاؤن جہان آباد یونٹ میں منعقدہ کارکنان کے اجتماع سے خطاب

کراچی۔۔۔12، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج فرخ اعظم نے کہا ہے کہ ایم کیوایم ملک کو بحرانوں سے نکالنے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہے اور اس بات کا ثبوت بانی وقائد تحریک جناب الطاف حسین نے ملک کے ایوانوں میں سب سے پہلے غریب ومتوسط طبقے کی قیادت کو متعارف کراکر دیدیا ہے۔یہ بات انہوں نے ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے زیر

اہتمام گزشتہ روز سائٹ ٹاؤن کے جہان آباد یونٹ میں منعقدہ کارکنان کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے اراکین شکیل اور محمد علی کلمتی بھی موجود تھے۔فرخ اعظم نے کہا کہ ملک کی موجودہ نازک صورتحال میں جب نام نہاد نظام عدل ریگولیشن قومی اسمبلی سے منظور کرلیا گیا تھا تو ایم کیوایم واحد سیاسی جماعت تھی جس نے اس نام نہاد نظام عدل ریگولیشن کی نڈر اور جراتمندانہ انداز میں مخالفت کی اور ملک کو کلاشنکوفی اور طالبانی شریعت کی لپیٹ میں جانے سے بچانے میں اہم کردار ادا کیا۔انہوں نے کہا کہ وقت اور حالات ثابت کررہے ہیں کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین طالبانائزیشن کی گھناؤنی سازش کے حوالے سے جن خدشات کا اظہار برسوں سے کرتے آرہے تھے وہ اب درست ثابت ہورہے ہیں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین نے کسی بھی مشکل اور کڑے وقت میں ملک وقوم کو تنہا نہیں چھوڑا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ملک کے غریب ومتوسط طبقے کی جماعت ہے،اس میں میرٹ کو ترجیح دی جاتی ہے اور میرٹ اور قابلیت ہی ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

## ملک پر قابض 2 فیصد استحصالی طبقہ ایم کیوایم کو جمہوریت کا حصہ بننے نہیں دینا چاہتا،پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی
## ایم کیوایم پی پی او سی کے تحت جمشید ٹاؤن سیکٹر یونٹ کنٹونمنٹ وارڈ 1 میں منعقدہ کارکنان کے اجتماع سے خطاب

کراچی۔۔۔12،جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی نے کہا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین بلاتفریق ملک بھر کے مظلوم عوام کے حقوق کے حصول کی جدوجہد کررہے ہیں اور متحدہ قومی موومنٹ میں تمام مذاہب،قومیتوں اور برادریوں کے افراد کی بڑی نمائندگی موجود ہے۔یہ بات ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج شاہد اقبال،اراکین محمد معروف حسین،حنیف اتمان خیل اور الیاس بابر بٹ نے جمشید ٹاؤن سیکٹر یونٹ کنٹونمنٹ وارڈ 1 میں کارکنان کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہی جس میں مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اپنے خطاب میں پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ولولہ انگیز قیادت نے متحدہ قومی موومنٹ کو ایک گلدستے میں تبدیل کردیا ہے جس میں ہر قومیت اور برادری اور مذاہب کے ماننے والوں کے پھول سجے ہوئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین نے ملک بھر کے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کے عوام میں شعور بیدار کیا ہے،ان میں محبتوں کو پروان چڑھایا ہے لیکن بعض نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتیں اب بھی ایم کیوایم کے خلاف منفی پروپیگنڈہ کررہی ہیں اور ایم کیوایم کی جدوجہد کو قدر کی نگاہ سے دیکھنے کے بجائے اس کے خلاف نت نئی سازشوں میں مصروف ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے ہر انتخابات میں بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کی اور اپنی جانب سے جاگیردارانہ،وڈیرانہ اور سرمایہ دارانہ نظام کا حصہ بننے کے بجائے اس کے خاتمے کی جدوجہد روز اول کی طرح جاری رکھی ہوئی ہے یہی وجہ ہے کہ ملک پر قابض 2 فیصد استحصالی طبقہ ایم کیوایم کو جمہوریت کا حصہ بننے نہیں دینا چاہتا کیونکہ ایم کیوایم نے جمہوری طریقے سے پہلی مرتبہ ملک کے ایوانوں میں غریب ومتوسط طبقے کی قیادت کو بھیجا جہاں صرف جاگیردار،وڈیرے اور سرمایہ دار ہی جاسکتے تھے لیکن ایم کیوایم نے اپنے عملی کام سے اس روایت کو توڑا اور ملک میں ترقی وخوشحالی کے نئے دریچے کھولے۔پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بیانات اور تحریکی لٹریچر کا بغور مطالعہ اپنے معمول کا حصہ بنائیں اور تحریکی پیغام گھر گھر پہنچانے کا عمل جاری رکھیں۔

## مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے گزشتہ دنوں شدید زخمی ہونے والے ایم کیوایم بن قاسم سیکٹر کمیٹی کے رکن محمد صادق جلال
## زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا رہنے کے بعد انتقال کرگئے،الطاف حسین کا اظہار افسوس
## شہید کو فلٹر پلانٹ گھارو قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا،سوئم 13 جولائی پیر کو بعد نماز ظہر پیپری فلٹر پلانٹ کالونی مسجد نزد اسٹیل ٹاؤن میں ہوگا

کراچی۔۔۔12،جولائی 2009ء

مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے گزشتہ دنوں فائرنگ سے شدید زخمی ہونے والے متحدہ قومی موومنٹ بن قاسم سیکٹر کے سابق سیکٹر ممبر محمد صادق جلال 48 گھنٹے زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا رہنے کے بعد انتقال کرگئے۔تفصیلات کے مطابق محمد صادق جلال 7 اور 8 جولائی کی درمیانی رات کو تحریکی کام ختم کرکے اپنے گھر کی جانب جارہے تھے کہ راستے میں مسلح دہشت گردوں نے ان پر اندھادھند فائرنگ کردی جس کے باعث وہ شدید زخمی ہوگئے اور ان کا جگر شدید متاثر ہوا تاہم ڈاکٹر مقامی اسپتال میں ان کی زندگی بچانے کی ہرممکن کوشش کررہے تھے لیکن وہ زخموں کی تاب نہ لاسکے اور انتقال کرگئے۔محمد صادق جلال شہید کو فلٹر پلانٹ گھارو قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔شہید کی نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان،حق پرست وزراء،اراکین اسمبلی،ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج واراکین،بن قاسم سیکٹر کمیٹی کے ارکان،یونٹوں کے ذمہ داران،کارکنان،ہمدردوں اور شہید کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔محمد صادق جلال شہید کا سوئم 13 جولائی پیر کو بعد نماز ظہر پیپری فلٹر پلانٹ کالونی مسجد نزد اسٹیل ٹاؤن

میں ہوگا۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے محمد صادق جلال کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم لیاری سیکٹر کے کارکن محمد یاسین چھیپا اور فیڈرل بی ایریا سیکٹر کے کارکن کے بھائی محمد ارشد نقی کے بہیمانہ قتل کی واردات پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔12، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم لیاری سیکٹر کے کارکن محمد یاسین چھیپا اور فیڈرل بی ایریا سیکٹر کے کارکن عمیر نقی کے بھائی محمد ارشد نقی کے بہیمانہ قتل کی واردات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مقتولین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مقتولین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم بن قاسم سیکٹر کے کارکن کی والدہ محترمہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔12، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم بن قاسم سیکٹر یونٹ گھگھر کے کارکن شریف جوکھیو کی والدہ محترمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## مسلح دہشت گردوں نے ایم کیوایم لیاری سیکٹر کے کارکن محمد یاسین چھیپا کو فائرنگ کر کے بیدردی سے قتل کردیا
## فائرنگ کی زد میں آکر ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر کے کارکن عمیر نقی کے بھائی ارشد نقی بھی جاں بحق ہوگئے

کراچی۔۔۔12، جولائی 2009ء

لیاری کے علاقے گھانس منڈی میں مسلح دہشت گردوں نے جدید خودکار ہتھیاروں سے فائرنگ کر کے ایم کیوایم لیاری سیکٹر یونٹ 33 کے کارکن محمد یاسین چھیپا کو بیدردی سے قتل کردیا فائرنگ اتنی شدید تھی کہ اس کی زد میں آکر ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 148 کے کارکن عمیر نقی کے بھائی محمد ارشد نقی بھی جاں بحق ہوگئے۔گزشتہ دو روز کے دوران دہشتگردوں نے ایم کیوایم کے چار کارکنوں اور ان کے عزیز واقارب سمیت متعدد ہمدردوں کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنایا جبکہ ان واقعات میں کئی زخمی بھی ہوگئے۔تفصیلات کے مطابق ہفتہ اور اتوار کی درمیانی شب لیاری کے علاقے گھانس منڈی میں رمضان کانٹے والے کے قریب مسلح دہشت گردوں نے محمد یاسین چھیپا کو فائرنگ کا نشانہ بنایا جس کے باعث ان کے جسم پر کلاشنکوف کی 5 گولیوں لگی اور وہ موقع پر جاں بحق ہوگئے جبکہ فائرنگ اتنی شدید تھی کہ اسکی زد میں آکر ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 148 کے کارکن عمیر نقی کے بھائی محمد ارشد نقی بھی کمر میں گولی لگنے کے باعث جاں بحق ہوگئے۔محمد یاسین کی عمر 38 سال تھی اور ان کے سوگواران میں بیوہ سمیت والدہ اور دو بہنیں شامل ہیں جبکہ محمد ارشد نقی کی عمر 37 سال تھی اور ان کے سوگوران میں بیوہ اور تین بچے شامل ہیں۔واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ایم کیوایم کے حق پرست رکن سندھ اسمبلی طاہر قریشی سول اسپتال پہنچ گئے اور واقعہ کی تفصیلات معلوم کیں، اس موقع پر اسپتال کی فضا سوگوار اور ہر آنکھ اشکبار تھی، طاہر قریشی نے سوگواران کو گلے لگا کر دلاسہ دیا اور انہیں صبر کی تلقین کی۔دریں اثناء محمد یاسین چھیپا کو میوہ شاہ جبکہ محمد ارشد نقی کو پاپوش نگر کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی طاہر قریشی، صدر ٹاؤن ناظم محمد دلاور، ایم کیوایم لیاری سیکٹر، فیڈرل بی ایریا سیکٹر کمیٹی کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مقتولین کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔

## مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیو ایم لیاری سیکٹر کے کارکن محمد یاسین چھیپا اور ایف بی ایریا سیکٹر کے کارکن عمیر نقی کے بھائی ارشد نقی کے بہیمانہ قتل کی وارداتوں کا سختی سے نوٹس لیا جائے ، قاتلوں کو گرفتار کر کے عبرتناک سزا دی جائے ، رابطہ کمیٹی

## صرف جولائی کے مہینے میں ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنا کر ایم کیو ایم کے 4 کارکنان کو شہید، ایک کو زخمی اور ایک کارکن کے بھائی کو سفاکانہ طریقے سے گولیاں مار کر قتل کیا جا چکا ہے

کراچی ۔۔۔12، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے لیاری کے علاقے گھانس منڈی میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیو ایم لیاری سیکٹر یونٹ 33 کے کارکن محمد یاسین اور ایم کیو ایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 148 کے کارکن عمیر نقی کے بھائی محمد ارشد نقی کے بہیمانہ قتل کی واردات کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ صرف جولائی کے مہینے میں ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنا کر ایم کیو ایم کے 4 کارکنان کو شہید، ایک کو زخمی اور ایک کارکن کے بھائی کو سفاکانہ طریقے سے گولیاں مار کر قتل کیا جا چکا ہے جن میں ایم کیو ایم لیاری سیکٹر کے کارکن محمد یاسین چھیپا ، ایم کیو ایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر کے کارکن عمیر نقی کے بھائی محمد ارشد نقی سمیت ایم کیو ایم لیبر ڈویژن اور نگی ٹاؤن سیکٹر کے کارکن یونس خوشی ، نیو کراچی ٹاؤن کے حق پرست کونسلر شیر محمد ، بن قاسم سیکٹر ممبر صادق جلال شامل ہیں جبکہ ایم کیو ایم اورنگی ٹاؤن کے کارکن قیصر الطاف شدید زخمی ہیں ۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ٹارگٹ کلنگ میں ملوث سفاک دہشت گرد شہر کے امن وامان کو تہس نہس کرنا چاہتے ہیں اور اسی لئے ایم کیو ایم کے معصوم و بے گنا کارکنان کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنا کر سفاکانہ طریقے سے قتل کیا جارہا ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے ٹارگٹ کلنگ میں ایم کیو ایم سمیت دیگر سیاسی جماعتوں کے کارکنوں کی ہلاکتوں پر گہری تشویش کا اظہار کیا اور قتل وغارتگری کی وارداتوں کو شہر کے خلاف بڑی سازش کا حصہ قرار دیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے عوام و کارکنان سے اپیل کی کہ وہ قتل وغارتگری کے واقعات پر صبر کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں اور سازشی عناصر پر کڑی نگاہیں رکھیں ۔رابطہ کمیٹی نے محمد یاسین اور محمد ارشد نقی کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کرتے ہوئے مقتولین کیلئے دعائے مغفرت کی ۔رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک سے مطالبہ کیا کہ مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے 48 گھنٹے سے بھی کم وقت میں ایم کیو ایم کے کارکن محمد یاسین چھیپا اور ایک کارکن کے بھائی محمد ارشد نقی کے بہیمانہ قتل کی وارداتوں کا سختی سے نوٹس لیا جائے ، اس کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کرائی جائیں اور اس میں ملوث سفاک ملزمان کو گرفتار کر کے عبرتناک سزا سے ہمکنار کیا جائے ۔

## کراچی میں قائد آباد سے دو طالبان دہشتگردوں کی گرفتاری سے ایک مرتبہ پھر کراچی میں طالبانائزیشن کی سازش سے پردہ اٹھ گیا

## جدید ہتھیاروں سے مسلح درجنوں طالبان کراچی سے گرفتار ہو چکے ہیں، رابطہ کمیٹی

کراچی ۔۔۔12، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی کے علاقے قائد آباد سے دو طالبان دہشت گردوں شیر محمد خان عرف شیرو عرف حاجی اور بخت ولی عرف بختے کی راکٹ لانچر، کلاشنکوف اور دیگر جدید ترین اسلحہ کے ساتھ گرفتاری پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے جن کا تعلق بدنامِ زمانہ دہشت گرد بیت اللہ محسود سے بتایا جاتا ہے یہ دہشت گرد اس کے قریبی ساتھی مانے جاتے ہیں اور کہا ہے کہ کراچی سے جدید ہتھیاروں کے ساتھ مزید دو طالبان دہشتگردوں کی گرفتاری سے ایک مرتبہ پھر ثابت ہو گیا ہے کہ کراچی میں نہ صرف طالبان بڑی تعداد میں موجود ہیں بلکہ شہریوں کیلئے بدستور سنگین خطرہ بنے ہوئے ہیں۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین ایک عرصے سے اپنے بیانات، خطبات اور مختلف ٹی وی انٹرویوز کے ذریعے پوری قوم اور حکومتِ وقت کو پورے ملک خصوصاً کراچی میں بڑھتی ہوئی طالبانائزیشن اور کلاشنکوف بردار شریعت کے نفاذ کی گھناؤنی سازش سے بہت پہلے سے آگاہ کرتے آرہے ہیں لیکن الطاف حسین کے ان خدشات اور انکشافات پر کوئی توجہ نہیں دی گئی اور اب بھی جبکہ درجنوں طالبان کراچی سے مسلح حالت میں خودکش جیکٹوں کے ساتھ اپنی کمین گاہوں سے پکڑے جا چکے ہیں اس مذموم سازش پر کوئی خاص توجہ نہیں دی جارہی ہے اگر ماضی میں قائد تحریک الطاف حسین کے خدشات کا قبل از وقت نوٹس لے لیا جاتا تو ملک خصوصی کراچی میں طالبان اپنا نیٹ ورک قائم کرنے میں کامیاب نہ ہوتے ۔رابطہ کمیٹی نے ارباب اقتدار و اختیار سے کہا ہے کہ قائد تحریک الطاف حسین کے طالبان اور ان کی طالبانائزیشن کے حوالے سے خدشات جواب سچ ثابت ہو چکے ہیں ان کا فوری طور پر نوٹس لیا جائے اور خصوصاً کراچی سے طالبانائزیشن کے خاتمے کیلئے ضروری اقدامات اٹھائیں ۔

☆☆☆☆☆